# خدمت گزار شخص (خصوصاً طالبعلم) کو یہ دعا دی جائے

دار الافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

## اَللّٰھُمَّ فَقِّھْهُ فِي الدِّيْنِ

**ترجمہ :**

اے اللہ ! اسے دین کا فقیہ بنا دے۔

صحیح بخاری کی حدیث مبارک ہے : عن ابن عباس: أن النبي صلى اللہ علیه وسلم دخل الخلاء، فوضعت له وضوءا، قال: (من وضع هذا). فأخبر، فقال: **اَللّٰھُمَّ فَقِّھْهُ فِي الدِّيْنِ** ترجمہ : حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بیت الخلاء تشریف لے گئے۔ میں نے آپ کے لیے وضو کا پانی رکھ دیا۔ (آپ صلی اللہ علیہ وسلم باہر تشریف لائے) تو فرمایا : یہ (پانی) کس نے رکھا ہے؟ جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو (میرے بارے میں) بتایا گیا تو آپ نے یہ (اوپر ذکر کردہ دعا) دی۔ (صحیح بخاری، جلد 1، صفحہ 66، رقم الحدیث : 143، مطبوعہ دار ابن کثیر، دمشق)

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.fatwaqa.com

daruliftaahlesunnat

DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat

feedback@daruliftaahlesunnat.net